روس کا سفر کرنے والے بھارتیوں کے لئے ایڈوائزری

ہمیں اب بھی ایسی رپورٹیں موصول ہو رہی ہیں کہ بھارتی شہریوں کو روسی مسلح افواج میں بھرتی کیا جا رہا ہے. اسی کو دیکھتے ہوئے حکومت نے گزشتہ دو برس کے دوران متعدد مواقع پر اس راستۂ کار میں مضمر خطرات اور خدشات کی نشاندہی کی ہے اور وقتاً فوقتاً بھارتی شہریوں کو بیرونِ ملک ملازمت کے مواقع تلاش کرتے وقت محتاط رہنے اور غیر مصدقہ افراد کی جانب سے دی جانے والی کسی بھی ملازمت کی پیشکش کے جھانسے میں نہ آنے کا مشورہ دیا ہے.

2. ہمار علم میں متعدد واقعات ایسے آئے ہیں جن میں لوگ قصدا روسی مسلح افواج میں شمولیت کی پیشکش تلاش کرتے ہیں، اس امید میں کہ اس سے انہیں بڑے مالی فوائد ہوں گے اور بعد ازاں وہ بھارتی حکومت سے رجوع کرتے ہوئے رہائی حاصل کر سکیں گے. ایک بار پھر واضح کیا جاتا ہے کہ یہ ایک خطرناک راستہ ہے اور حکومت اس کی سختی سے حوصلہ شکنی کرتی ہے.

3. ایسے متعدد واقعات بھی سامنے آئے ہیں جن میں لوگوں نے اپنی مرضی سے بھارتی شہریت ترک کرنے، روسی پاسپورٹ حاصل کرنے اور اس کے بعد روسی مسلح افواج میں بھرتی ہونے کے لیے بھارتی حکام سے رجوع کیا ہے. کچھ افراد عارضی مالی فوائد کے لالچ میں آکر بھارتی حکام سے مشورہ کیے بغیر پہلے ہی ایسا کر چکے ہیں. لہذا متنبہ کیا جاتا ہے کہ لوگ ایسے اقدامات کی سنگینی کو مدنظر رکھنا چاہیے اور یہ سمجھنا چاہیے کہ وہ خود کو جان لیوا خطرات سے دوچار کر رہے ہیں. حکومت بھارتی شہریوں کو اس طرح کے اقدامات سے گریز کرنے کی صلاح دیتی ہے۔

4. یہ بات بھی ہمارے علم میں آئی ہے کہ غیر سرکاری اداروں، بشمول رضاکارانہ جماعتوں کی جانب سے غیر ملکی شہریوں کو روسی مسلح افواج میں خدمات انجام دینے کے لیے بھرتی کیا جا رہا ہے. بھارتی شہریوں کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اس طرح کے ایجنٹوں کی جانب سے ملازمت کی پیشکش قبول کرنے سے قبل مکمل احتیاط برتیں جو وزارتِ خارجہ کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں.

5. روسی مسلح افواج میں شامل تمام بھارتی شہریوں کی سلامتی، بہبود اور جلد از جلد رہائی کو یقینی بنانے کے لئے حکومت ہند مسلسل روسی حکام کے رابطے میں ہے.